

# پچھلی نسل (والدین) کے مقابلے میں آج کل کا تعلیمی معیار

**ساٹھ 60% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کا تعلیمی معیار اُن کے والدین کے مقابلے میں بہتر ہے؛ خواتین 63%، زیادہ تعلیم یافتہ افراد 67% اور بڑی عمر کے افراد 68% اس حوالے سے سب سے زیادہ مثبت رائے رکھتے ہیں ۔**

ایک فرد کے طور پر، کیا آپ کو لگتا ہے کہ آپ اور آپ کا قریبی خاندان اپنے والدین (پچھلی نسل) کے مقابلے میں درج ذیل معاملات میں بہتر ہے، بدتر ہے یا ویسے ہی ہیں- تعلیمی معیار کے لحاظ سے؟



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

سماجی رویے

## پچھلی نسل (والدین) کے مقابلے میں آج کل کا تعلیمی معیار

## 60% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کا تعلیمی معیار اُن کے والدین کے مقابلے میں بہتر ہے؛ خواتین (63%)، زیادہ تعلیم یافتہ افراد (67%) اور بڑی عمر کے افراد (68%) اس حوالے سے سب سے زیادہ مثبت رائے رکھتے ہیں۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 08 جولائی 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (60%) کا خیال ہے کہ وہ اور اُن کے گھرانے کے قریبی افراد کا تعلیمی معیار اپنے والدین کے مقابلے میں بہتر ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"ایک فرد کے طور پر، کیا آپ کو لگتا ہے کہ آپ اور آپ کا قریبی خاندان اپنے والدین ( پچھلی نسل) کے مقابلے میں درج ذیل معاملات میں بہتر ہے، بدتر ہے یا ویسے ہی ہیں۔ تعلیمی معیار کے لحاظ سے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 60% جوابدہندگان کے مطابق اُن کا تعلیمی معیار اُن کے والدین کے مقابلے میں ''بہتر'' ہے، 22% جوابدہندگان کے مطابق ''بدتر'' ہے، 12% جوابدہندگان کے مطابق ''ویسے ہی ہے''، 3% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے ''معلوم نہیں''، تاہم 3% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

مجموعی طور پر، سروے کے نتائج سے معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ تر پاکستانیوں کا یہ خیال ہے کہ اپنے والدین کے مقابلے میں اُن کا تعلیمی معیار بہتر ہوا ہے، یہ رائے، خاص طور پر خواتین، بڑی عمر کے افراد اور زیادہ تعلیم یافتہ افراد میں زیادہ نمایاں ہے۔ یہ نتائج مختلف عمر کے گروپ کے افراد، خواتین و مرد حضرات کی رائے کے درمیانی فرق، اور مختلف تعلیمی سطح کے لحاظ سے افراد کے خیالات میں فرق کو ظاہر کرتے ہیں۔ یہ معلومات پالیسی بنانے والوں (حکومت اور متعلقہ اداروں) کو تعلیم کی فراہمی اور اس تک رسائی کے بارے میں عوامی رائے کو سمجھنے میں مدد دے سکتی ہے۔


**"ایک فرد کے طور پر، کیا آپ کو لگتا ہے کہ آپ اور آپ کا قریبی خاندان اپنے والدین ( پچھلی نسل) کے مقابلے میں درج ذیل معاملات میں بہتر ہے، بدتر ہے یا ویسے ہی ہیں۔ تعلیمی معیار کے لحاظ سے ؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 761 خواتین اور مرد حضرات سے 26 مارچ 2026 تا 01 اپریل 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%- ±2 لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** والدین کے مقابلے تعلیمی معیار بہتر ہونے کے حوالے سے رائے مرد حضرات (57%) کی نسبت خواتین میں تھوڑی زیادہ دیکھنے میں آئی (63%)، جبکہ مرد حضرات (29%) میں خواتین کے مقابلے (14%) تعلیمی معیار مزید بدتر ہونے کے حوالے سے زیادہ رجحان پایا گیا۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** ایف اے یا اس سے زائد تعلیم یافتہ افراد اپنے والدین کے مقابلے میں تعلیمی معیار بہتر ہونے کی اطلاع دیتے ہیں (67%)، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح 59% پائی گئی۔ یہ فرق اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ تعلیمی معیار کے لحاظ سے نسل در نسل آنے والی بہتری کو سمجھنے میں تعلیم کتنا اہم کردار ادا کرتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** 30 سال سے کم عمر افراد کی 59% شرح کا یہ کہنا ہے کہ اُن کا تعلیمی معیار اپنے والدین کے مقابلے میں بہتر ہے، جبکہ 30 سے 39 سال کی عمر کے افراد میں یہ شرح زیادہ، یعنی 65% رہی۔ 40 سے 59 سال کی عمر کے افراد میں ملی جلی رائے سامنے آئی، جہاں 52% سے 56% افراد نے تعلیمی معیار کے لحاظ سے خود کو بہتر قرار دیا۔ 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد میں اس حوالے سے سب سے زیادہ 68% شرح دیکھنے میں آئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 08 July 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)